**ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا مسلم لیگ ق کے رہنماؤں چوہدری شجاعت حسین اور چوہدری پرویز الٰہی سے ٹیلی فون پر رابطہ،**

**چوہدری پرویز الٰہی کو ڈپٹی وزیر اعظم مقرر ہونے پر مبارکباد پیش کی عوام کو موجودہ درپیش مسائل خصوصاً بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں، الطاف حسین کی ڈپٹی پرائم منسٹر پرویز الٰہی سے گفتگو**

**عوام کو موجودہ درپیش مسائل کے حل کیلئے زیادہ اقدامات اٹھائیں گے، چوہدری پرویز الٰہی**

**چوہدری شجاعت حسین اور پرویز الٰہی نے الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا**

لندن:۔۔۔ 26، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین اور ڈپٹی پرائم منسٹر چوہدری پرویز الٰہی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے چوہدری پرویز الٰہی کو ڈپٹی وزیر اعظم مقرر ہونے پر دل کی گہرائیوں سے اپنی اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ چوہدری پرویز الٰہی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کو موجودہ درپیش مسائل خصوصاً بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ، پانی اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھانے میں اپنا اہم کردار ادا کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں ملک وقوم کی خدمت کرنے کیلئے جسمانی وذہنی طاقت عطا فرمائے۔ اس موقع پر چوہدری شجاعت حسین اور چوہدری پرویز الٰہی نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ وہ ملک وقوم کی خدمت اور عوام کو موجودہ درپیش مسائل کے حل کیلئے زیادہ زیادہ اقدامات اٹھائیں گے۔

**ملک بھر میں مون سون کی موسلا دھار بارشوں کی پیشگی اطلاعات، عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے متعلقہ اداروں کو فعال کیا جائے، الطاف حسین**

**طوفانی بارشوں سے عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے فی الفور مثبت، ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں**

**نکاسی آب کا نظام بہتر بنایا جائے، ندی نالوں کی صفائی کا کام جلد مکمل کیا جائے، پشتوں اور بندوں کے ٹوٹنے کے خدشے کے پیش نظر پانی کے بہاؤ کیلئے ایسا راستہ متعین کیا جائے جس سے کھیتوں اور فصلوں کو نقصان نہ پہنچے**

**ملک بھر میں مون سون کی موسلا دھار اور زیادہ بارشوں کی پیشگی اطلاعات پر اظہار تشویش**

لندن:۔۔۔26، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں مون سون کی موسلا دھار بارشوں کی پیشگی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ طوفانی بارشوں سے عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے فی الفور مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ برس بھی موسلا دھار بارشوں کی پیشگی اطلاعات کے باوجود عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کسی قسم کے اقدامات عمل میں نہیں لائے گئے تھے جس کے باعث ملک بھر بالخصوص صوبہ سندھ کے لاکھوں عوام نہ صرف اپنی چھتوں سے محروم ہوگئے تھے بلکہ کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور تھے جبکہ گزشتہ برس کی بارشوں کے اثرات اب بھی زائل نہیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ گزشتہ برس بارشوں سے ٹوٹنے والے پشتوں اور بندوں پر بھی خاطر خواہ کام نہیں کیا گیا اور امکان ہے کہ اس مرتبہ گزشتہ برس سے زیادہ بارشیں ہوں گی لہٰذا خستہ حال پشتوں اور بندوں کی از سر نو تعمیر اور مرمت کے کام کیلئے تمام حکومتی وسائل استعمال میں لائے جائیں تاکہ عوام کی جان و مال کو حالیہ ہونے والی بارشوں سے ہر ممکن تحفظ فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بارشیں رب تعالیٰ طرف سے رحمت ہیں لیکن متعلقہ اداروں کی نااہلی اور مجرمانہ غفلت کے سبب یہ بارشیں بھی عوام کیلئے باعث زحمت بن جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ وفاقی حکومت اور چاروں صوبائی حکومتیں بارشوں سے عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے نکاسی آب کا نظام بہتر بنائیں،، پشتوں اور بندوں کے ٹوٹنے کے خدشے کے پیش نظر پانی کے بہاؤ کا راستہ ایسا متعین کیا جائے کہ وہ فصلوں اور کھیتوں کو نقصان نہ پہنچا سکے، ندی نالوں کی صفائی کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے اور اس سلسلے میں تمام انتظامات پہلے سے ہی کر لئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، وفاقی کابینہ سمیت وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ، وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف، وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا امیر حیدر خان ہوتی سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر میں مون سون کی موسلا دھار، تیز اور زیادہ بارشوں کی پیشگی اطلاعات کا نوٹس لیا جائے اور ملک بھر میں بارشوں سے عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے متعلقہ اداروں کو فعال کیا جائے اور اس سلسلے میں تمام حکومتی وسائل اور ذرائع استعمال میں لائے جائیں۔

## ایم کیوایم امریکہ کے سولہویں سالانہ کنونشن کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

## ہیوسٹن میں منعقد ہونے والے کنونشن نے پاکستانی کمیونٹی میں جوش وجذبہ کی نئی لہر پیدا کردی ہے

واشنگٹن ڈی سی:۔۔۔26، جون2012ء

متحدہ قومی موومنٹ امریکہ کے زیر اہتمام سولہواں سالانہ کنونشن 29 جون تا یکم جولائی ہوسٹن میں منعقد کیا جارہا ہے۔ کنونشن کی تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔ ایم کیوایم امریکہ کے اس سالانہ کنونشن میں اٹھارہ سے زائد شہروں سے کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں کی بڑی تعداد شریک ہوگی۔ کنونشن کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے ایم کیوایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سینٹرل آرگنائزر جنید فہمی، جوائنٹ سینٹرل آرگنائزر ارشد حسین، اراکین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی وکیل جمالی اور ارشاد کمالی نے شرکت کی۔ اجلاس میں کنونشن کو کامیاب بنانے کے لئے عوامی رابطہ مہم کو مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی نے مجموعی طور پر کنونشن کی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کنونشن کو کامیاب بنانے کے لئے ہیوسٹن یونٹ کی کوششوں کو خصوصی طور سراہا۔ ہیوسٹن میں منعقد ہونے والے کنونشن میں ایم کیوایم امریکہ کی گزشتہ ایک سالہ تنظیمی کارکردگی کا تفصیل سے جائزہ لیا جائے گا، ایم کیوایم امریکہ کے زیر نگرانی تمام یونٹوں اور مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اپنی رپورٹس سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کو پیش کریں گے۔ کنونشن کے دوسرے روز ایک عوامی پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ ہیوسٹن میں منعقد ہونے والے ایم کیوایم امریکہ کے اس کنونشن کو خاص اہمیت دی جارہی ہے۔ ہیوسٹن سے جاری ہونے والے پاکستانی اخبارات میں کنونشن کی تیاریوں اور پروگرام کو نمایاں طور پر دیکھا جاسکتا ہے جبکہ ریڈیو پر پاکستانی چینلز کے ذریعے اس کنونشن کی بھرپور تشہیر بھی جاری ہے۔ بعدازاں سینٹرل آرگنائزر جنید فہمی اور اراکین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی نے ذمہ داران وکارکنان وہمدردوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس کنونشن میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق ایم کیوایم کینیڈا اور سمندر پار پاکستانیوں کی جانب سے کینیڈا کا قومی دن منانے کیلئے سلسلے میں شاندار تقریبات کا اہتمام

## ٹورنٹو میں خون کے عطیات جمع کرنے کیلئے بلڈ ڈرائیو، کیلگر ی میں کرکٹ ٹورنامنٹ اور مونٹریال میں کینیڈا ڈے پریڈ میں شرکت کا اعلان

## ایم کیوایم کینیڈا کے تمام ذمہ داران وکارکنان اور تمام پاکستانی کینیڈینز کینیڈا کے قومی دن کی تقریبات میں بھرپور حصہ لیں، اقبال قمر

کینیڈا:۔۔۔26، جون2012ء

کینیڈا کے 145 ویں قومی دن کے موقع پر ایم کیوایم کینیڈا نے تمام یونٹوں میں کینیڈا کا قومی دن بھرپور طریقے سے منانے کے سلسلے میں شاندار تقریبات کا اہتمام کیا ہے، جس کے تحت ٹورنٹو میں کینیڈین بلڈ سروسز کے اشتراک سے جامعہ اسلامیہ کینیڈا کے احاطے میں 30 جون کو کینیڈا ڈے بلڈ ڈرائیو کا انعقاد کیا جائیگا۔ کیلگری میں متحدہ اسپورٹس اینڈ ریکری ایشن کلب کے تعاون سے کرکٹ ٹورنامنٹ جبکہ مونٹریال میں مقامی شہری حکومت کی جانب سے منعقدہ کینیڈا ڈے پریڈ میں بھی پاکستان اپنا کلب کے پلیٹ فارم سے بھرپور شرکت کی جائے گی۔ اسی طرح ایم کیوایم کینیڈا کے کارکنان اپنے اپنے شہروں میں کینیڈا کے قومی دن کے سلسلے میں ہونے والی تقریبات میں حصہ لیں گے۔ اس بات کا اعلان ایم کیوایم کینیڈا کے سینٹرل آرگنائزر اقبال قمر نے کینیڈا کے قومی دن کی تقریبات کے سلسلے میں ہونے والی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لینے کیلئے بلائے گئے کارکنان کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان تقریبات کا مقصد جہاں صحت مندانہ سرگرمیوں کے رجحان کو فروغ دینا ہے وہی خدمت خلق کی زندہ مثال قائم کرنا ہے۔ اس موقع پر قائد تحریک الطاف حسین کے وژن کو دہراتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم جس ملک میں رہتے ہیں وہاں کے قانون کی پاسداری کرنا چاہئے اور ہمیں ایک اچھا شہر بنا چاہئے۔ آخر میں انہوں نے تمام پاکستانی کینیڈینز سے اپیل کی کہ تقریبات میں بھرپور حصہ لیں۔

## ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے کارکن کاشان کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا ظہار افسوس

کراچی:۔۔۔26، جون2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن محمد کاشان کے والد محمد سراج کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## حیدرآباد پریس کلب کے انتخابات میں بلا مقابلہ منتخب ہونے پر صدر حمید الرحمٰن اور جنرل سیکریٹری جے پرکاش سمیت تمام نومنتخب عہدیداران کو واسع جلیل کی مبارکباد

کراچی:۔۔۔26، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے حیدرآباد پریس کلب کے سالانہ انتخابات برائے 13-2012 میں بلا مقابلہ منتخب ہونیوالے صدر حیدرآباد پریس کلب حمید الرحمٰن اور جنرل سیکریٹری جے پرکاش سمیت تمام نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں واسع جلیل نے حیدرآباد پریس کلب کے تمام نومنتخب عہدیداران کو قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی جانب سے مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ تمام نومنتخب عہدیداران بلاتفریق رنگ ونسل خدمت کا اپنا شعار بنائیں گے اور پریس کلب کے صحافیوں کی فلاح وبہبود اور بہتری کے کیلئے کام کریں گے۔

## قائد تحریک جناب الطاف بھائی کا فکر وفلسفہ لوگوں کے دلوں میں گھر کررہا ہے، عابد گجر ضلع گوجرانوالہ کے قصبہ میں کارنر میٹنگ سے زونل انچارج کا خطاب

گوجرانوالہ:۔۔۔۔۔26 جون، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گوجرانوالہ زون کے زیر اہتمام ضلع گوجرانوالہ کے ایک قصبہ راہوالی کینٹ میں ایک کارنر میٹنگ کا انعقاد ہوا۔جس سے زونل انچارج عابد گجر اور ضلعی انچارج ملک عبدالحمید اعوان نے خطاب کیا۔اس موقع پر زونل جوائنٹ انچارج عدنان زونل ممبر رانا افتخار، اعجاز بلوچ اور ضلعی ممبرن رانا عبدالرحمٰن، رانا دانیال اور جمشید ڈار کے علاوہ معززین علاقہ کے ساتھ ساتھ کارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان سے جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ کردے گی اور قیادت غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے ایماندار افراد کے ہاتھوں میں ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک الطاف بھائی کا فکر وفلسفہ لوگوں کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور وہ دن دور نہیں جب ایم کیوایم پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی قوت بن کر ابھرے گی 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ جو کہ پاکستان کے وسائل پہ قابض ہے انشاءاللہ آئندہ الیکشن میں 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ ان سے نجات حاصل کرلے گا اس موقعہ پر زونل پول ممبر ساجد راجپوت نے راہوالی کینٹ کی تنظیمی کمیٹی کا اعلان بھی کیا جس کے مطابق ایم کیوایم راہوالی کینٹ کا انچارج عاقب سہیل کو نامزد کیا گیا اور ان کے ساتھ احمد شہزاد، محمد عرفان نعمان فاروق اور ذیشان گجر کو جوائنٹ انچارج بنایا گیا ان کے ساتھ ممبران کمیٹی میں محمد عمر، محمد حسن، بلال ایوب، ابرار شاہ، چوہدری اعجاز، مرزا کامران، محمد یاسر، ملک بابر، احمد گجر، ملک جہانزیب اور سعد بٹ شامل ہیں۔

## ریشم گلی ایریا میں انسٹالیشن آف کیبل کا افتتاحی تقریب حق پرست قیادت کی عوامی خدمت کے تسلسل کی کڑی ہے، صلاح الدین گذشتہ روز کوہ نور چوک پر منعقد حیسکو کی جانب سے ریشم گلی ایریا میں انسٹالیشن آف کیبل کی افتتاحی تقریب سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔26 جون 2012ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے گزشتہ روز کوہ نور چوک پر منعقد حیسکو کی جانب سے ریشم گلی ایریا میں انسٹالیشن آف کیبل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت حق پرست قیادت کا وطیرہ امتیاز ہے۔تقریب میں حیسکو کے چیف انجینئر مظفر علی عباسی، ڈپٹی کمشنر حیدرآباد آغا شاہنواز، چیمبر آف کامرس کے صدر سیٹھ گوہر اللہ، حاجی یعقوب، عبداللطیف نظامانی سمیت معززین شہر اور ریشم گلی کی انجمن تاجران کے عہدیدارن اور دکان دار حضرات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ موجود دور میں بجلی کسی نعمت سے کم نہیں اور اس کا ضیاع ملک وقوم کیلئے نقصان دہ ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست اراکین اسمبلی کی شب وروز جدوجہد کی بدولت آج حیدرآباد شہر بھی ترقی یافتہ شہروں میں شمار کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے کراچی سمیت سندھ بھر میں عوامی خدمت کے بے شمار کام ہوئے اور یہ ہی وجہ ہے کہ آج کراچی اور حیدرآباد سمیت سندھ کے دیگر شہر اور دیہی علاقوں میں حق پرستی کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج ریشم گلی ایریا میں انسٹالیشن آف کیبل کا افتتاحی تقریب عوامی خدمت کے تسلسل کی کڑی ہے۔

## عوامی خدمت حق پرست نمائندوں کی اولین ذمہ داری ہے اور شہر بھر میں جاری ترقیاتی کام اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے
## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیں عوام کی خدمت کے کاموں پر معمور کیا، اکرم عادل

حیدرآباد:۔۔۔26 جون 2012ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے اپنے خصوصی فنڈ سے سیکٹر A- میں علی CNG اسٹیشن والے روڑ کی تعمیر کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت حق پرست نمائندوں کی اولین ذمہ داری اور شہر میں جاری ترقیاتی کام اس کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ اس موقع پر سیکٹر سی کے ذمہ داران وکارکنان اور علاقے کے معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کی ترقی وخوشحالی کے ایجنڈے پر عمل پیرا اور شہر کے ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں حق پرست قیادت کی کاوشوں سے عوام بنیادی سہولیات میسر ہورہی ہیں ایم کیو ایم نے کبھی بھی اپنی عوام کے مسائل کو پس پشت نہیں ڈالا اور شہر کے مختلف علاقوں میں حق پرست قیادت کی کاوشوں سے ہونے والے ترقیاتی کام اسکا واضح ثبوت ہیں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیں عوام کی خدمت کے کاموں پر معمور کیا ہے اور ہماری کوشش ہے کہ ہم بہتر سے بہتر انداز میں اپنے فرض کو احسن طور پر انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کئے جائیں اور ہم اسی عمل کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔

## بدقسمتی سے قیام پاکستان کے بعد سے ہی اس ملک پر 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ قابض ہے
## پاکستانی عوام کی آخری امید قائد تحریک جناب الطاف حسین ہے، محمد شریف

حیدرآباد:۔۔۔26 جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بدقسمتی سے قیام پاکستان کے فوری بعد سے ہی ملک پر 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ قابض ہے جس کی وجہ سے آج پاکستان بے شمار مشکلات ومسائل کا شکار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے نام نہاد لیڈر صرف اور صرف پاکستانی دولت لوٹنے اور اپنی جاگیریں بڑھانے میں مصروف رہے اوران تمام صورتحال کے پیش نظر اب پاکستانی عوام کی آخری امید قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی ہیں۔ ایم کیو ایم پیغام حق پرستی پر عمل پیرا ہوکر اس ملک میں انقلاب چاہتی ہے کیونکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہنما ہیں جو غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور اس ملک کی باگ دوڑ اس ملک کے مڈل کلاس سے تعلق رکھنے پڑھے لکھے نوجوانوں کے ہاتھ میں دینے اور اس ملک کے مظلوم ومحکوم طبقہ کی بلا امتیاز رنگ ونسل وزبان خدمت کرنیکی جدوجہد میں مصروف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک پر گزشتہ 65 سالوں سے 2 فیصد وڈیرے جاگیرداروں کی اقلیت ملک بھر کے ۹۸ فیصد غریب ومظلوم کی اکثریت پر حاکم بنی بیٹھی ہے اور اس ملک کو جاگیردارانہ نظام میں جکڑا ہوا ہے اور اس نظام کے حامی افراد اپنے آگے کسی بھی عوامی حمایت یافتہ جماعت کو تسلیم نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف برسرپیکار ہیں اور ایم کیو ایم عوامی انقلاب کے ذریعے ان لوگوں احتساب کرے گی اور وہ دن دور نہیں جب ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی مظلوم عوام جناب الطاف حسین کی قیادت میں ظالم وجابر جاگیرداروں اور وڈیروں کے ظلم وزیادتی اور ناانصافی سے نجات حاصل کرنے میں کامیاب رہے گی۔

## ایم کیو ایم معاشرے میں موجود معاشی ناہمواریوں کے خاتمے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کررہی ہے
## جناب الطاف حسین نے تمام زبانیں بولنے والوں کو آپس میں پیار ومحبت اور جذبہ خیرسگالی کے ساتھ رہنے کا درس دیا

سکھر:۔۔۔26 جون، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زونل انچارج محمد قطب الدین، جوائنٹ زونل انچارج شہزادہ گلفام، زونل ممبر رحمت علی الطافی، حاجی نور محمد اور مجیب الرحمٰن نے یوسی 05 میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم معاشرے میں موجود معاشی ناہمواریوں کے خاتمے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کررہی ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے نے حقیقت پسندی وعملیت پسندی کے ذریعے لوگوں میں شعور بیدار کردیا ہے آج تحریک میں ہر زبان رنگ ونسل اور مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگ ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تمام زبانیں بولنے والوں کو آپس میں پیار ومحبت اور جذبہ خیرسگالی کے ساتھ رہنے کا

درس دے کر یہ ثابت کر دیا کہ جناب الطاف حسین ملک سے لسانی و مذہبی تفرقہ بازی اور نفرت کو ختم کر کے پیار و محبت کے پھول کھلانا چاہتے ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ بھی ایک ایسی ہی انقلابی تحریک ہے جو اپنے مشن و مقصد کے حصول کیلئے حق و سچ کے راستے پر گامزن ہے انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین کی زندگی بالکل سادہ اور 98 فیصد عوام کے حقوق کی جدوجہد کیلئے گزر رہی ہے اور انشاءاللہ جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں 98 فیصد عوام اپنے حقوق حاصل کرلیں گے۔

## جناب الطاف حسین ملک کی غریب و مظلوم عوام کو جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کے ظلم و ستم سے بچانے کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہیں، احمد رضا خان

میرپورخاص:۔۔۔۔۔26 جون، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص کے جوائنٹ زونل انچارج احمد رضا خان نے سیکٹر A اور یونٹ 2/A میں کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کی غریب اور مظلوم عوام کو جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کے ظلم و ستم سے بچانے کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہیں۔اس موقع پر زونل ممبر و سابق ڈسٹرکٹ نائب ناظم ڈاکٹر ظفر کمالی نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں 1947 سے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں نے غریب اور مظلوم عوام کو ظلم و ستم کا نشانہ بنا رکھا ہے جسکی وجہ سے 98 فیصد عوام غربت اور بے بسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جنہیں نہ تو صحت و تعلیم کی سہولیت فراہم کی جاتی ہیں اور نہ ہی انکو پینے کے صاف پانی میسر ہے۔تاجر برادری بدحالی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے۔ان حالات میں جناب الطاف حسین تمام ایشوز کا حل پیش کررہے ہیں کیونکہ جناب الطاف حسین نے کبھی ڈرائنگ روم کی سیاست نہیں کی بلکہ حقیقت معنوں میں عوامی پریشانی اور مشکلات کا احساس کرتے ہوئے انکے حل کیلئے بھرپور جدوجہد جاری رکھی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد اقتدار کا حصول کبھی نہیں رہا بلکہ ایم کیوایم ملک کے غریب اور مظلوم عوام کو اقتدار میں شریک کر کے بے روزگاری، غربت و افلاس سے انہیں نجات دلاتے ہوئے انہیں تعلیم اور صحت کی بہترین سہولیات بہم پہنچانے کیلئے اپنی تمام تر کوششوں میں مصروف عمل ہے۔

☆☆☆☆☆